12 مئی 2014ء

پاکستانی ورکرز کی ترسیلات زر میں 11.45 فیصد اضافہ،
مالی سال 14ء کے پہلے دس مہینوں میں 12.9 ارب ڈالر بھیجے گئے

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے رواں مالی سال 14-2013ء (م س 14ء) کے پہلے دس مہینوں (جولائی تا اپریل) میں 12,894.61 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو 11.45 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی تا اپریل م س 13ء) میں 11,569.82 ملین ڈالر بھیجے گئے تھے۔

جولائی تا اپریل مالی سال 14ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان) اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 3,806.36 ملین ڈالر، 2,522.89 ملین ڈالر، 2,027.06 ملین ڈالر، 1,798.28 ملین ڈالر، 1,527.40 ملین ڈالر اور 355.31 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جولائی تا اپریل مالی سال 13ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 3,371.59 ملین ڈالر، 2,312.01 ملین ڈالر، 1,819.85 ملین ڈالر، 1,611.11 ملین ڈالر، 1,331.67 ملین ڈالر اور 297.69 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے پہلے دس مہینوں (جولائی تا اپریل م س 14ء) کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 857.31 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ پچھلے مالی سال کے پہلے دس مہینوں (جولائی تا اپریل م س 13ء) کے دوران ان ممالک سے 825.8 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

اپریل 2014ء میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 415.09 ملین ڈالر، 233.97 ملین ڈالر، 206.15 ملین ڈالر، 166.07 ملین ڈالر، 169.67 ملین ڈالر اور 36.37 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ اپریل 2013ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 392.28 ملین ڈالر، 226.07 ملین ڈالر، 183.19 ملین ڈالر، 176.14 ملین ڈالر، 135.81 ملین ڈالر اور 28.65 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے دسویں مہینے اپریل م س 14ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 84.51 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں۔

☆☆☆